© rasailojaraid.com

مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان

ایوانِ احرار: C/69 نیو مسلم ٹاؤن، وحدت روڈ لاہور

مرکزی سرکلر بنام ماتحت مجالس 2016/3

عنوان: ''39ویں سالانہ دوروزہ ختمِ نبوت کانفرنس'' چناب نگر کے سلسلہ میں کارکنوں کے لیے ہدایات

جملہ مندوبین شرکاء اور احرار ساتھیوں کے نام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ـــــــــــ مزاج گرامی!

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ مجلس احرار اسلام پاکستان کے زیر اہتمام ان شاء اللہ تعالیٰ 11,12 ربیع الاوّل 1438ھ جامع مسجد احرار چناب نگر میں سالانہ ختمِ نبوت کانفرنس قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم کی زیر سرپرستی منعقد ہو رہی ہے۔ اس کانفرنس کو زیادہ سے زیادہ کامیاب بنانے کے لیے درج ذیل امور کو ملحوظ رکھتے ہوئے تیاریاں تیز کر دیں۔

☆ کانفرنس کے اشتہارات آپ تک پہنچ چکے ہوں گے اگر ابھی تک اشتہارات نہ ملے ہوں یا آپ کی ضرورت سے کم ہوں تو ملتان مرکز سے رابطہ فرما کر اشتہارات منگوا سکتے ہیں

☆ کانفرنس میں شرکت کے لئے اپنے جماعتی وغیر جماعتی ماحول میں محنت کریں اور انفرادی و اجتماعی شرکت کو یقینی بنائیں نیز کانفرنس اور قافلے کی روانگی کے حوالے سے اخبارات کے مقامی نمائندگان کے ذریعے خبریں بھجوانے کا اہتمام ضرور کریں

☆ ہر مقامی جماعت کے ذمہ داران کو چاہیے کہ وہ نظم وضبط کا ماحول پیدا کریں۔ کانفرنس میں شرکت کرنے والے ساتھیوں کی تربیت کریں اور ایک نیک مقصد کے لئے سفر کے آداب کو ہر حال میں ملحوظ رکھیں

☆ دورانِ سفر کلمہ طیبہ اور درود پاک کا ورد جاری رکھیں

☆ پنڈال میں داخل ہونے سے پہلے قافلے کے امیر استقبالیہ کیمپ میں اپنے ساتھیوں کی تعداد کا اندراج کروائیں

☆ چناب نگر میں بلاضرورت نہ گھومیں پھریں اور نہ ہی قادیانیوں کے ساتھ بحث کریں

☆ دورانِ اجتماع مسجد میں حاضری کو یقینی بنائیں

☆ ہر شاخ یا شرکت کرنے والے ساتھی اپنی تعداد کی مناسبت سے پانچ سے دس جماعتی پرچم ساتھ لائیں اور ممکن حد تک تمام ساتھی سرخ قمیص میں ملبوس ہوں

☆ کانفرنس کی مناسبت سے جن شاخوں کے پاس بینرز موجود ہوں وہ ہمراہ لائیں ممکن ہو تو نئے بینرز بنوانے کا اہتمام کریں

☆ روانگی سے قبل اپنی سواری پر جھنڈا اور بینرز آویزاں کریں جس کی عبارت ''احرار ختم نبوت کانفرنس چناب نگر'' ہو

☆ تمام ساتھی / قافلے سفر کے دورانیے کا اندازہ کر کے ایسے وقت سفر شروع فرمائیں کہ آپ زیادہ سے زیادہ 12 ربیع الاوّل کو نماز فجر تک مرکز چناب نگر پہنچ جائیں اس سے زیادہ تاخیر مناسب نہیں

☆ جن شاخوں کو انتظامات کے لیے کارکن مہیا کرنے کا کہا گیا ہے ان سے درخواست ہے کہ متعینہ کارکنوں کی تربیت کریں اور یہ ساتھی 11 ربیع الاول کو نماز ظہر تک لازماً چناب نگر پہنچ کر سید محمد کفیل بخاری (0300-6326621) کو رپورٹ کریں

☆ اپنے اردگرد مشکوک افراد پر نظر رکھیں

☆ موسم کے مطابق بستر ہمراہ رکھیں اور کھانے پینے کی چھوٹی موٹی اشیاء مثلاً پانی کی بوتل چنے، بسکٹ وغیرہ اگر ساتھ رکھیں تو سہولت رہے گی

☆ اپنے قافلے کا امیر مشاورت سے مقرر کریں اور اطاعت امیر کو شعار بنائیں

☆ 12 ربیع الاوّل کو جلوس کے موقع پر دی جانے والی ہدایات پر مکمل عمل پیرا ہوں دورانِ جلوس نظم وضبط قائم رکھیں ہلڑ بازی اور منفی نعرے بازی سے مکمل پرہیز کریں

☆ 29 / اکتوبر 2015ء کو چناب نگر میں کانفرنس سے متعلق جو اجلاس ہوا اس میں اس کانفرنس کے انتظامات کے لیے مرکزی نائب امیر سید محمد کفیل بخاری کو ناظم اجتماع مقرر کیا گیا ہے، جبکہ مولانا محمد مغیرہ، میاں محمد اویس، مولانا تنویر الحسن، مولانا محمد اکمل، سید عطاء المنان بخاری، اور مولانا فیصل متین کو نائبین مقرر کیا گیا ہے۔

☆ چناب نگر مرکز میں اجتماع کے موقع پر جگہ کم پڑ جاتی ہے جس کی وجہ سے ہم آنے والے مہمانوں اور مقررین کا خاطر خواہ اکرام نہیں کر پاتے اس بات کو محسوس نہ کریں اور دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مزید وسیع جگہ عطاء فرمائیں (آمین) تاکہ سارے نظام میں آسانی رہے جماعتی وغیر جماعتی احباب کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنی توجہ غیر ضروری ملاقاتوں کی بجائے اجتماع پر مرکوز رکھیں اور کام میں بے حد مشغول ذمہ داران کو الجھن میں نہ ڈالا کریں اس سے نظم بھی خراب ہوتا ہے اور کام کا حرج بھی

☆ اجتماع گاہ میں نظم وضبط کا خیال رکھیں

☆ دورانِ جلوس پرنٹ شدہ نعرے ہی متعین افراد لگائیں گے

☆ چناب نگر انتظامیہ ہمارے ساتھ تعاون کرتی ہے ان کے ساتھ بدتمیزی سے اجتناب کریں

☆ دورانِ وقفہ بیانات، سٹالز سے اپنی ضروریات کی اشیاء خریدیں

☆ کانفرنس کے موقع پر کانفرنس کے اخراجات / چناب نگر / مرکز / نقیب ختم نبوت / احرار نیوز یا کسی بھی دوسری مد میں فنڈز کے لیے جگہ اور افراد متعین ہوں گے اس کام کے لیے متعلقہ جگہ پر ہی رقوم جمع کروائیں

☆ کھانے کے لیے ترتیب کے ساتھ جن شہروں کے قافلوں کا اعلان کیا جائے براہ کرم صبر و تحمل سے اسی ترتیب کے ساتھ کھانے کے پنڈال میں تشریف لے جائیں۔ کھانے کے لیے 20 روپے فی کس کا ٹوکن جاری کیا جائے گا قافلے کے امیر اپنی تعداد کے حساب سے ٹوکن حاصل کریں اور بوقت طعام معہ افراد کا خاص خیال کریں

☆ ہر ماتحت شاخ کے لیے ضروری ہے کہ وہ پانچ ہزار روپے (=/5000) چناب نگر کانفرنس کے اخراجات کی مد میں لازماً بھجوائے یا موقع پر جمع کروائے

☆ پارکنگ کے لیے جو جگہ مختص ہے اس کو استعمال میں لائیں اور متعلقہ انتظامیہ کی ہدایات پر سختی سے عمل فرمائیں

امید ہے کہ آپ ہماری گزارشات کو ہر حال میں مقدم و ملحوظ رکھیں گے، شکریہ، والسلام

ملتمس: عبداللطیف خالد چیمہ
ناظم اعلیٰ مجلس احرار اسلام پاکستان
موبائل نمبر: 0300-6939453

پروگرام ان شاء اللہ تعالیٰ

☆ پہلی نشست: درس قرآن کریم بعد نماز فجر ☆ بیانات علماء کرام 11 تا 1 بجے

☆ تقریب پرچم کشائی 10 بجے ☆ نماز ظہر 1:30 ....جلوس: بعد نماز ظہر

الرسل: (مولانا) محمد مغیرہ، مرکزی ناظم تبلیغ: مجلس احرار اسلام پاکستان (چناب نگر، ضلع چنیوٹ) موبائل: 0301-3138803

www.ahrar.org.pk / majlisahrar@yahoo.com / +9242-35865456, +9242-35912644

© rasailojaraid.com